مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال ۱۴۳۹ھ 2018 کا باقاعدہ آغاز

۰۲ر جولائی کو جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز اجتماعی تقریب سے ہوا، جس میں تمام اساتذہ، منتظمین اور قدیم و جدید طلباء نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب زیر تعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے زیریں وسیع و عریض ہال میں شدید گرمی کے باعث منعقد کی گئی، حسب سابق کی طرح امسال بھی حضرت مہتمم صاحب نے ترمذی شریف سے درس کا آغاز فرمایا اور طلباء سے تفصیلی اصلاحی خطاب فرمایا۔ اس کے بعد نائب مہتمم صاحب نے جدید طلباء کو جامعہ کے اصول و ضوابط سے روشناس کیا۔

حضرت مہتمم صاحب کی انتخابی سرگرمیاں

۷ جولائی (گڑھی شیر داد ورسک روڈ پشاور) جمعیت علماء اسلام اور دفاع پاکستان کونسل کے سربراہ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ نواز شریف کو اللہ تعالیٰ نے ۳۵ سال حکمرانی کا موقع دیا لیکن انہوں نے کرپشن، لوٹ کھسوٹ کے علاوہ ملک کیلئے کچھ نہیں کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گڑھی شیر داد ورسک روڈ پشاور میں پی کے 66 سے جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدوار سیف اللہ خان کے انتخابی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا مدظلہ نے کہا کہ نواز شریف نے جس دن عاشق رسولؐ ممتاز قادری کو شہید کیا میں نے اسی دن بیان دیا کہ اب نواز شریف ایک دن آرام اور سکون سے نہیں گزارے گا، اس کے بعد جب انہوں نے بیرونی قوتوں کو خوش کرنے کیلئے ختم نبوت کے قانون پر ہاتھ صاف کئے پھر تو مجھے یقین ہوا کہ کہ اب اس کی تباہی اور بربادی کے دن شروع ہوگئے ہیں، آج پورے ملک میں نہ ان کا کوئی اتحادی نظر آ رہا ہے اور نہ ان کے لئے کوئی کلمہ خیر کہنے کیلئے تیار ہے۔ مولانا مدظلہ نے کہا کہ نواز شریف نے پنجاب میں علما اطلبا اور دینی مدارس و مساجد کو جتنا نقصان پہنچایا اس کی مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ مولانا مدظلہ نے کہا کہ تبدیلی عمران خان نواز شریف،